الجامعة البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دارالافتاء والقضاء

2564586:فیکس 2560300-2560400:فون www.jamiabinoria.net:ویب سائٹ darulifta@gmail.com:ای میل

MODE: **Regular**

Name : **Jahangir**
Address : **Karachi, Pakistan**
Subject : **ROZA**
Writer :

Serial No : **16031**
Date : **7/22/2012**
Contact No:
Email :

Assalam 0 Alikum,
Mufti sahab,
Agar ek heroinchi (heroin addict) Jo heroin (powder) ko nulkee sey naak mein kheench k nasha krta ho. Roza rakh ley or asar k waqt nashey ki talab ki wajah sey (jism mein dard, bukhaar, or bechaini) naqabil e bardasht kefiyat hogayee ho) nasha kr ley yani naak sey powder kheench ley to zahir hai us Ka roza toot Gaya,
Baraye meharbani is Ka kaffara bata dijiye, or dua kjiye k meri is lanat sey Jaan choot jaye, wazah rahey k Na to main ghulam aazad kr skta Hun kyun k hai hi nahi, or Na hi 60 din tak musalsal rozey rakh ney ki himmat mujh mein hai, Shar'a'ee lehaz sey mere liye kya hukum hai.
Jawab zarur dijiye ga or agar koi dua bata saken jis ko parhney sey mujhey kuch faida ho sakey yani yeh Jo jism mein dard waghera hota hai nasha Na krney sey us ko control kiya jà sakey zikr'e'ilahi sey to zarur bataiye ga.ALLAH Pak aap ko jazay e khair dey.
Jawab Ka muntazir rahun ga.
Assalam 0 Alikum

السلام علیکم! مفتی صاحب۔

اگر ایک ہیروئنچی جو ہیروئن (پاؤڈر) کو نلکی سے ناک میں کھینچ کے نشہ کرتا ہو روزہ رکھ لے اور عصر کے وقت نشے کی طلب کی وجہ سے جسم میں درد، بخار اور بے چینی ناقابلِ برداشت کیفیت ہوگئی ہو نشہ کرلے یعنی ناک سے پاؤڈر کھینچ لے تو ظاہر ہے اسکا روزہ ٹوٹ گیا۔ برائے مہربانی اسکا کفّارہ بتادیجئے اور دعا کیجئے کہ میری اس لعنت سے جان چھوٹ جائے واضح رہے کہ نہ تو میں غلام آزاد کرسکتا ہوں کیونکہ ہے ہی نہیں اور نہ ہی ساٹھ (60) دن تک مسلسل روزے رکھنے کی ہمّت مجھ میں ہے شرعی لحاظ سے میرے لئے کیا حکم ہے؟۔

اگر اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے کوئی طریقہ یا کوئی وظیفہ ہو تو برائے مہربانی اسکی طرف رہنمائی فرمائیں۔

الجواب حامدًا ومصلّیًا

رمضان المبارک کا روزہ رکھنے کے بعد اس میں ہیروئن استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اس سے قضاء وکفارہ دونوں لازم ہوجاتے ہیں۔ اس لئے سائل پر لازم ہے کہ جتنے روزے اس طرح اس سے چھوٹ گئے ہوں ان کی قضاء رکھنے کے ساتھ ساتھ ان کا کفّارہ بھی ادا کرے۔

اب اگر کفّارہ کے روزے رکھنا اور غلام آزاد کرنا ممکن نہ ہو تو ساٹھ (60) مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلائے۔

اور نیز یہ کہ اپنے پرانے تعلقات کو ختم کرکے متقی وپرہیزگار اور نیک وصالح

(جاری ہے)

لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم کرے ان ہی مجالس میں بیٹھنے کی کوشش کرے اور ہر نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتا رہے تاکہ اس مصیبت سے چھٹکارا آسان ہو۔

کما فی مراقی الفلاح: قلت وعلی هذا البدعة التی ظهرت الآن وهو الدخان اذا شربه فی لزوم الکفارة۔ (ص۳۶۲)۔

وفی الشامیة: أکل عمدا قضی وکفر ککفارة الظهار: أی مثلها فی الترتیب فیعتق أولا فان لم یجد صام شهرین متتابعین فان لم یستطع أطعم ستین مسکینا۔ (ج۲ ص۴۱۱، ۴۱۲)۔

واللہ أعلم بالصواب

طارق محمود عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۷ رجمادی الأولیٰ ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۸ / ۵ / ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۸ رجمادی الأولیٰ ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۱ رجمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
۱۶۰۳۱
۸ / ۵ / ۱۴۳۴ھ
جامعہ بنوریہ العالمیہ

20-6-2013